عقائد اہلسنت کو سمجھنے کیلئے ایک عام فہم اور آسان کتاب

کتاب العقائد

صدر الافاضل
سید محمد نعیم الدین مراد آبادی

مکتبہ مہر العصر رضویہ
جامکے روڈ نزد مسجد نور۔ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

عقائد اہلسنت کو سمجھنے کے لئے ایک
عام فہم اور آسان کتاب

کتاب العقائد

صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی

مکتبہ مہریہ رضویہ
جا کے روڈ نزد مسجد نور ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ

وعلی آلک واصحابک یارسول اللہ

کتاب ———— کتاب العقائد

مؤلف ———— صدرالافاضل سید محمد نعیم الدین

مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

پروف ریڈنگ ———— حافظ محمد نجیب اللہ قادری

تعداد ———— گیارہ سو

اشاعت ———— باراول اگست 2001ء

کمپوزنگ ———— قادری کمپوزنگ سنٹر رضا سٹریٹ

کالج روڈ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

ناشر ———— مکتبہ مہریہ رضویہ ڈسکہ

قیمت ———— 15 روپے

ملنے کا پتہ:۔

مکتبہ جمال کرم

9۔ مرکز الاویس (سنٹرل) دربار مارکیٹ۔ لاہور فون: 7324948

سوال: دنیا کی چیزوں کا پیدا اور فنا کرنے والا کون ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ!

سوال: وہ کب پیدا ہوا اور کب تک رہے گا؟

جواب: وہ پیدا نہیں ہوا نہ فنا ہوگا۔ پیدا وہ چیز ہوتی ہے جو پہلے نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا۔ سب کو وہی پیدا کرتا ہے۔ اس کو کسی نے پیدا نہیں کیا وہی سب کو فنا کرتا ہے اس کو کوئی فنا نہیں کر سکتا۔

سوال: کیا اکیلے اسی نے ساری دنیا بنا ڈالی یا اور کوئی بھی اسکے ساتھ شریک ہے؟

جواب: کوئی اس کا شریک نہیں۔ سب اس کے بندے ہیں اور اس کے پیدا کیے ہوئے ہیں۔ وہ اکیلا تمام جہان کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کی بڑی قدرت ہے کوئی ذرہ بغیر اس کے حکم کے ہل نہیں سکتا۔

﴿نبوت کا بیان﴾

اللہ تعالیٰ نے خلق کی ہدایت اور رہنمائی کے لئے جن پاک بندوں کو اپنے احکام پہچانے کے واسطے بھیجا ان کو نبی کہتے ہیں انبیاء وہ بشر ہیں جن کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی (پیغام الٰہی) آتی ہے یہ وحی کبھی فرشتہ کی معرفت آتی ہے کبھی بے واسطہ۔ انبیاء گناہوں سے پاک ہیں۔ انکی

السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضور سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ۔

﴿انبیاء کے رتبے﴾

انبیاء کے مراتب میں فرق ہے۔ بعض کے رتبے بعضوں سے اعلیٰ ہیں۔ سب سے بڑا رتبہ ہمارے آقا و مولیٰ سید الانبیاء (نبیوں کے سردار) محمد مصطفیٰ ﷺ کا ہے حضور خاتم النبیین ہیں اللہ تعالیٰ نے نبوت کا سلسلہ حضور پر ختم فرمادیا۔ حضور کے زمانے میں یا حضور کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی۔ جو شخص حضور کے بعد کسی کو نبوت ملنا جائز سمجھے وہ کافر ہو جاتا ہے، تمام انبیاء کو جو کمالات جدا جدا عنایت ہوئے وہ سب اللہ تعالیٰ نے حضور کی ذات عالی میں جمع فرمادیئے اور حضور کے خاص کمالات بہت زائد ہیں۔ حضور اللہ کے محبوب ہیں۔ خدا کی راہ انبیاء ہی کے ذریعہ سے ملتی ہے اور انسان کی نجات کا دارومدار انہیں کی فرمانبرداری پر ہے۔

﴿سوالات﴾

سوال: کیا جن اور فرشتے بھی نبی ہوتے ہیں؟

جواب: نہیں! نبی صرف انسانوں میں سے ہوتے ہیں اور ان میں سے بھی فقط مرد کوئی عورت نبی نہیں ہوتی۔

سوال: کیا غیر نبی کے پاس بھی وحی آتی ہے؟

جواب: وحی غیر نبی کے پاس نہیں آتی، جو اس کا قائل ہو وہ کافر ہے۔

اشارے سے چاند کو دو ٹکڑے کر دینا، انگلیوں سے چشمے جاری کرنا۔ ایسی باتیں اگر نبوت کا دعویٰ کرنے والے سے اس کی تائید میں ظاہر ہوں ان کو معجزہ کہتے ہیں معجزات انبیاء سے بہت ظاہر ہوتے رہتے ہیں اور یہ ان کی نبوت کی دلیل ہیں۔ معجزات دیکھ کر آدمی کا دل نبی کی سچائی کا یقین کر لیتا ہے جس کے ہاتھ سے قدرت کی ایسی نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں جن کے مقابل سب لوگ عاجز و حیران ہیں ضرور وہ خدا کا بھیجا ہوا ہے چاہے ضدی دشمن نہ مانے مگر دل یقین کر ہی لیتا ہے اور عقل والے ایمان لے آتے ہیں۔

کوئی جھوٹا نبوت کا دعویٰ کر کے معجزہ ہرگز نہیں دکھا سکتا قدرت اسکی تائید نہیں فرماتی۔ ہمارے حضور سید انبیاء (نبیوں کے سردار) ﷺ کے معجزات بہت زیادہ ہیں۔ ان میں سے معراج شریف بہت مشہور معجزہ ہے حضور رات کے تھوڑے سے حصہ میں مکہ معظمہ سے بیت المقدس تشریف لے گئے وہاں انبیاء کی امامت فرمائی بیت المقدس سے آسمانوں پر تشریف لے گئے۔

اللہ تعالیٰ کے قرب (نزدیکی) کا وہ مرتبہ پایا کہ کبھی کسی انسان یا فرشتے، نبی یا رسول نے نہ پایا تھا۔ خداوند عالم کا جمال پاک اپنی مبارک آنکھوں سے دیکھا، کلام الٰہی سنا، آسمان و زمین کے تمام ملک ملاحظہ فرمائے جنتوں کی سیر کی، دوزخ کا معائنہ فرمایا مکہ معظمہ سے بیت المقدس تک راہ